
تحفّظ




## فرمانِ الٰہی




آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کہہ دیجئے کہ آؤ میں تمہیں بتاؤں کہ تمہارے رب نے تم پر کیا پابندیاں عائد کی ہیں، یہ کہ اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو شریک نہ کرو، اور والدین کے ساتھ نیک سلوک کیا کرو، اور اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل مت کر دیا کرو، ہم ہی تمہیں رزق دیتے ہیں اور اُن کو بھی دیں گے، اور بے حیائی کی باتوں کے قریب بھی نہ جاؤ خواہ وہ کھلی ہوں یا چھپی، اور جس کا خون کرنا اللہ نے حرام کر دیا ہے اسے قتل مت کرو ہاں مگر حق کے ساتھ۔ ان (سب باتوں) کا اللہ نے تمہیں حکم دے رکھا ہے تاکہ تم خوب سمجھ بوجھ سے کام لو۔ (سورۃ الانعام (6) آیت 151)

## فرمان رسولؐ



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ''بلاشبہ تمہارے بارے میں مجھے سب سے زیادہ ڈر شرکِ اصغر کا ہے۔ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا ''اے اللہ کے رسولؐ شرکِ اصغر کیا ہے؟'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ''ریاکاری''۔ (مسند احمد)

## قائداعظمؒ نے فرمایا



مملکت کا فرض اکثر تقاضا کرتا ہے کہ ہم اپنے ذاتی، مقامی یا صوبائی مفادات کو مفادِ عامہ کے تابع کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار رہیں۔ مملکت کا فرض پہلے ہے اور اپنے صوبے، اپنے ضلع، اپنے قصبے اور اپنے گاؤں کا فرض بعد میں آتا ہے۔ یاد رکھیے ہم ایک ایسی مملکت کی تعمیر کر رہے ہیں جو پوری اسلامی دنیا کی تقدیر بدل دینے میں اہم ترین کردار ادا کرنے والی ہے۔

(اسلامیہ کالج، پشاور، 12 اپریل 1948ء)

## فرمودۂ اقبال



عرب کے سوز میں سازِ عجم ہے
حرم کا راز توحیدِ امم ہے
تہی وحدت سے ہے اندیشہ غرب
کہ تہذیب فرنگی بے حرم ہے
(بالِ جبریل)


مدیر: **مظفر احمد** (اسسٹنٹ جنرل منیجر)
نائب مدیر: **محمد اعظم شاکر**
ادارت: **کامران چنہ - ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی**
میڈیا کوآرڈینیٹر: نادرن ریجن **راجہ احسان الحق**
نمائندہ سینٹرل ریجن: **عبدالحفیظ انجم**
ترسیل: **ناصر جاوید**

رابطہ: ایڈیٹر تحفظ، ایڈورٹائزنگ اینڈ سیلز پروموشن ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر 5725، کراچی 75530
ٹیلی فون نمبر: 9202819 (021)

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

لے آؤٹ ڈیزائن: آرگس ایڈورٹائزنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ


نقطۂ نظر

## جب ہم گرتے ہی چلے جائیں......!

وہ کون سے حالات ہوتے ہیں......؟؟ جب دل بجھ سا جاتا ہے......

جب ذہن ماؤف ہو جاتا ہے......

جب تمام تر سچائیوں کے سامنے جھوٹ سینہ تان کر کھڑا ہو جاتا ہے۔

جب حق و صداقت کی صدا کو مکر و فریب کی شعلہ بیانی سے بجھا دیا جاتا ہے۔

جب شرافت و سادگی کمزور پڑ جائے اور ڈھٹائی اور ہٹ دھرمی مقبولیت پا لے۔

جب خلوص اور اخلاق کے پردے میں چالبازیوں کے شعبدے دکھائے جاتے ہیں۔

دوستو! ایسا تب ہوتا ہے...... جب ہم یقین سے محروم ہو جائیں۔

جب ہم اعتماد اور بھروسہ کھو دیں۔

جب ہم سچ سے منہ چھپانے لگیں۔

جب ہم قول و فعل کے تضاد کو وقت کی ضرورت شعیب۔

جب ہم بلندی پانے کے لیے دوسروں کے شانوں کو استعمال کرنے لگیں۔

جب ہم...... دینی و اخلاقی تعلیمات سے منہ موڑنے لگیں۔

جب ہم...... گر جائیں اور گرتے ہی چلے جائیں۔

ہماری مقدس کتاب، اچھے انسان کی خوبیاں...... کھول کھول کر بیان کرتی ہے۔

آیئے دعا کریں اللہ ہمیں آسانیاں نصیب کرے اور یہ بھی کہ ہمیں دوسروں میں بھی آسانیاں بانٹنے کی توفیق دے۔ سالِ رواں کی آخری سہ ماہی جاری ہے۔ اُمید ہے آپ صدقِ دل سے فروغِ کاروبار کے لیے مصروفِ عمل ہوں گے۔ اللہ آپ کو کامیاب کرے۔ آپ کے نیک مقاصد میں اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ آمین


ایڈیٹر
happylife2175@yahoo.com

# بھوربن میں اسٹیٹ لائف کنونشن 2008ء کا انعقاد

(تحفظ رپورٹ)



اسٹیٹ لائف کنونشن 2008ء حسب روایت بھوربن (مری) میں 5 تا 8 نومبر 2008ء کو منعقد ہو رہا ہے۔ اس کنونشن میں وہ کامیاب بیمہ کار شرکت کر رہے ہیں جنہوں نے فروغ کاروبار کے کنونشن مقابلے میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اہداف مکمل کیے۔ واضح رہے کہ مارکیٹنگ ڈویژن نے اس کاروباری مقابلے کے لیے یکم اگست تا 30 نومبر 2007ء کی مدت متعین کی تھی۔

قواعد و ضوابط کے مطابق مقابلے کے دوران بیمہ زندگی کے عام منصوبوں پر پریمیئم سال اول بشمول بنیادی منصوبوں سے منسلک ضمنی معاہدے کے علاوہ دوسرے سال کی استحکامی شرح 85 فیصد جبکہ تجدیدی استحکامی شرح 90 فیصد برائے سال 2007ء کے معیارات مقرر تھے۔ جو تمام کیڈرز کے لیے مختص تھے۔ اس کے علاوہ موخر سالیانے (Deferred Annuities) کے پریمیئم، میقاتی اور گروپ انشورنس کے پریمیئم اور سنگل پریمیئم پالیسیز فروخت کرنے پر پریمیئم کا صرف 6 فیصد کو اہلیت کے معیار میں شامل کیا گیا تھا۔ اس ضمن میں تمام سیلز فورس اور ایریا منیجرز اے، بی اور سی کیٹگری اور سیکٹر ہیڈ و سب سیکٹر ہیڈ و سب زونل ہیڈ کے لیے اہلیت کے الگ الگ اہداف کے معیارات مقرر تھے۔

کل پاکستان بنیاد پر ہونے والے کنونشن میں کاروباری اہداف مکمل کرنے والے کوالیفائرز کو پاکستان میں کسی صحت افزا مقام کی سیر کرائی جاتی ہے۔ انہیں اعزازات سے نوازا جاتا ہے۔ جبکہ انہیں باہمی طور پر کاروباری تجربات و مشاہدات کا تبادلہ کرنے کا موقع بھی ملتا ہے۔ اس کنونشن میں چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی مہمان خصوصی ہوں گے۔ ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز خصوصی طور پر اس کنونشن میں شرکت کریں گے۔

مارکیٹنگ ڈویژن کنونشن کا میزبان ہوتا ہے جبکہ مندوبین اپنے ریجنل چیف و زونل ہیڈز کے ہمراہ رونق افروز ہوتے ہیں۔ کنونشن میں چیئرمین اسٹیٹ لائف اور ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کوالیفائرز کو ٹرافیز اور دیگر انعامات و اعزازات سے نوازتے ہیں۔ اس موقع پر پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیاز کو بھی مدعو کیا جاتا ہے۔

''تحفظ'' کنونشن کے کامیاب شرکاء کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔

# بیمہ داروں کے لیے خوش خبری
## 10 ارب 28 کروڑ روپے کے بونس کا اعلان

(تحفظ رپورٹ)

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان نے امسال بھی 31 دسمبر 2007ء تک کی بامنافع بیمہ پالیسیوں پر ایکچوئریل ویلیوایشن کے تخمینے کے نتیجے میں حاصل ہونے والی فاضل آمدنی بطور بونس دینے کا اعلان کیا ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بعد بونس کی مد میں 10 ارب 27 کروڑ 75 لاکھ 80 ہزار روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اس ضمن میں کارپوریشن نے ''اخلاص مندی میقاتی بونس'' (Loyalty Terminal Bonus) متعارف کروایا ہے جو کارپوریشن کی تاریخ میں پہلی دفعہ دیا گیا ہے۔ اس سے وہ بیمہ دار مستفید ہوں گے جنہوں نے 20 سال یا اس سے زائد عرصہ تک اسٹیٹ لائف اور اپنے اہل خانہ کے ساتھ وفاداری کی اور باقاعدہ پریمیئم ادا کرتے رہے۔ آج کارپوریشن نے اس عہد کو نبھانے پر انہیں وفاداری کا وظیفہ یعنی لائلٹی ٹرمینل بونس (Loyalty Terminal Bonus) دیا ہے جس کی شرح 200 روپے فی ہزار زر بیمہ ہے۔ جس سے ان کی رقم کئی گنا مزید بڑھ جائے گی۔

اس سلسلے میں وہ تمام بیمہ دار جن کی میچوریٹی (تکمیل مدت) یا ڈیتھ کلیم 2008ء میں ہوگی۔ اس بونس سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔

اس ضمن میں تمام بیمہ داروں کی بامنافع بیمہ پالیسیوں میں ان کی زر بیمہ کی مناسبت سے بونس کی رقم جمع کر دی گئی ہے۔ اس سلسلے میں تفصیلات ایک بروشر کے ذریعے بیمہ کاروں تک پہنچائی جا رہی ہیں جبکہ بیمہ داروں کو یہ خوش خبری سنانے کے لیے اے اینڈ ایس پی ڈپارٹمنٹ مربوط تشہیری مہم شروع کر رہا ہے۔ بیمہ کاروں کے لیے یہ ایک بہترین موقع ہے کہ وہ اپنے روابط میں مزید تیزی لائیں اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو بیمہ زندگی کی سہولت حاصل کرنے پر آمادہ کریں۔



# اسٹیٹ لائف کے اثاثوں کی حفاظت ہماری ترجیحی ذمہ داری ہے، شاہد عزیز صدیقی

## رئیل اسٹیٹ ڈویژن کی خصوصی تقریب سے چیئرمین کا خطاب

رپورٹ......محمد اعظم شاکر


ایگزیکٹیو ڈائریکٹر سید ارشد علی، جناب محمد جنید اور جناب ندیم عثمانی کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی نے کہا ہے کہ کارپوریشن کی بلڈنگز قومی اثاثہ اور بیمہ داروں کی امانت ہیں ہم ان کے امین ہیں۔ ہمیں دیانت داری سے ان اثاثہ جات کی حفاظت کرنا ہے۔ وہ گزشتہ دنوں پرنسپل آفس میں رئیل ایسٹیٹ ڈویژن کے زیراہتمام دوسری سہ ماہی کی کارکردگی کی جائزہ میٹنگ میں کارکنوں اور افسران سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز سید ارشد علی، محترمہ نرگس گھلو اور جناب محمد یحیٰ بھی موجود تھے۔

جناب چیئرمین نے کہا کہ ہمیں اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھنا اور ذمہ داریوں کو بحسن و خوبی نبھانا چاہیے۔ ہمیں مل جل کر اجتماعی کام سرانجام دینا ہیں۔ اس ضمن میں نیسپاک ہماری معاونت کرے گا اور اسٹیٹ لائف کی انتظامیہ بھی اپنی سطح پر ذمہ داریاں احسن طریقے سے پوری کرے گی۔ انہوں نے افراد کی کمی کے سلسلہ میں حائل رکاوٹوں کا بھی ذکر کیا اور رئیل ایسٹیٹ ڈویژن کی کارکردگی کو اطمینان بخش قرار دیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر سید ارشد علی نے بھی مختصر خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ رئیل ایسٹیٹ ڈویژن میں کام کا بڑا اسکوپ ہے جب کہ بعض بلڈنگز کو درست حالت میں واپس لانا اور بحالی کا کام کرنا بہت ضروری ہے۔ تمام لفٹس پرانی ہو چکی ہیں اور ان کی نئے تقاضوں کے مطابق تجدید، درستی و بحالی اولین ترجیح ہونا چاہیے۔ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب محمد یحیٰ نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اسٹیٹ لائف تیزی سے ترقی کرنے والی آرگنائزیشن ہے۔ اس میں کام کرنے والے افراد مثبت سوچ کے حامل ہیں اور یہی کارپوریشن کا اثاثہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں پُرامید ہوں، کارپوریشن کے بارے میں میری سوچ میں تبدیلی آئی ہے۔ اسی بنیاد پر بڑے وثوق سے کہتا ہوں کہ ہم اپنے مسائل جلد حل کرلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی صلاحیتوں کے مطابق کام کروں گا۔ اس ضمن میں جناب چیئرمین کی مدد اور آپ کا تعاون درکار ہوگا۔


تقریب کے دوران (دائیں سے بائیں) جناب ناصر جاوید خان، محترمہ نرگس گھلو، جناب شاہد عزیز صدیقی، سید ارشد علی اور جناب محمد یحیٰ تشریف فرما ہیں


ڈویژنل ہیڈ رئیل ایسٹیٹ ڈویژن جناب ناصر جاوید خان، ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز محترمہ نرگس گھلو، سید ارشد علی اور جناب محمد یحیٰ کو گلدستے پیش کررہے ہیں

# کارپوریشن تیزی سے ترقی کرنے والا ادارہ ہے، محمد یحییٰ

## ایگزیکٹیو ڈائریکٹر کا آر ای ڈی کی کارکردگی پر اظہار اطمینان

قبل ازیں ریئل ایسٹیٹ ڈویژن کے سربراہ جناب ناصر جاوید خان نے ریئل ایسٹیٹ ڈویژن کی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے بتایا کہ 2007ء میں ریئل اسٹیٹ ڈویژن نے قابل قدر کامیابیاں حاصل کیں۔ 2006ء میں 164 ملین روپے کے مقابلے میں گزشتہ سال 2007ء میں 316 ملین روپے کی نیٹ آمدنی حاصل کر کے 92.60 فیصد کا ریکارڈ اضافہ حاصل کیا۔ یہ ریکارڈ اضافہ اسٹیٹ لائف کی عمارات میں کرایے پر دستیاب خالی جگہ کو بروئے کار لاکر، کرایوں سے لیز معاہدے کی تجدید، اخراجات پر مناسب کنٹرول اور کارکنان وافسران کی محنتِ شاقہ کی بدولت حاصل کیا گیا۔ انہوں نے ملٹی میڈیا کے ذریعے اسکرین پر مختلف پروجیکٹس کے اعداد وشمار دکھائے۔ انہوں نے بتایا کہ اسٹیٹ لائف کے پاس اس وقت 52 کمرشل بلڈنگز اور 18 پلاٹس ہیں۔ انہوں نے زیرِ تعمیر عمارات کی منصوبہ بندی کے متعلق بھی حاضرین کو بریفنگ دی۔

بعد ازاں چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی، ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز سید ارشد علی، جناب محمد یحییٰ اور محترمہ نرگس گھلو کو ریئل ایسٹیٹ ڈویژن کی جانب سے گلدستے پیش کیے گئے۔ اس موقع پر ذاتی وجوہات کی بنا پر اسٹیٹ لائف سے رخصت ہونے والے دو افسران جناب ندیم عثمانی اور جناب محمد جنید کو چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی نے ان کی بہترین خدمات کے اعتراف میں تحائف پیش کیے اور بہتر مستقبل کی دعا کی۔

تقریب کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا جس کی سعادت جناب رحمت علی صدیقی نے حاصل کی۔ آخر میں شرکا کو پرتکلف ظہرانہ دیا گیا۔



تقریب کے شرکاء

## جناب سلطان اے شیخ نے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کا چارج سنبھال لیا



پرنسپل آفس، پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے جاری کردہ آفس آرڈر کے مطابق اسٹیٹ لائف فیصل آباد زون کے سربراہ جناب سلطان اے شیخ کو ٹرانسفر کر کے فوری طور پر ان کی بحیثیت کارپوریٹ مارکیٹنگ ہیڈ تعیناتی کی گئی ہے۔ انہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے۔

جناب سلطان اے شیخ انشورنس انڈسٹری میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز 1971ء میں مسلم انشورنس کمپنی میں بطور پروبیشنری آفیسر کیا۔ نیشنلائزیشن کے بعد اسٹیٹ لائف میں بطور اسسٹنٹ منیجر مارکیٹنگ تقرری ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ انہیں متعدد ڈپارٹمنٹ میں کام کرنے کے مواقع ملے جس میں مارکیٹنگ کے علاوہ انٹرنل آڈٹ اینڈ ایویلیوایشن، پی اینڈ جی ایس اور ریئل ایسٹیٹ شامل ہیں۔ انہوں نے 2001ء میں زونل سربراہ سرگودھا کا چارج سنبھالا۔

2003ء میں ٹرانسفر ہو کر لاہور ویسٹرن زون میں زونل سربراہ تعینات ہوئے۔ بعد ازاں اعلیٰ انتظامیہ نے پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی سینٹرل ریجن کی ذمہ داریاں سونپ دیں۔ چند ماہ قبل ان کی اعلیٰ خدمات کے اعتراف میں کارپوریشن کے سب سے بڑے زون فیصل آباد زون کا چارج دیا گیا۔ اب ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کی بھاری ذمہ داریاں ان کو سونپی گئی ہیں۔

انہوں نے ایک خصوصی پیغام میں اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ مارکیٹنگ فورس کی فلاح و بہبود اور بیمۂ زندگی کے فروغ کے لیے بھرپور کوششیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ میرا عزم ہے کہ بیمہ کار کو ہمیشہ فیلڈ ورک میں رہنا چاہیے اور یہ اسی وقت ممکن ہوگا جب دفتر سے انہیں اچھی سروس ملے گی۔

واضح رہے کہ جناب سلطان اے شیخ نے گورنمنٹ کالج لاہور سے گریجویشن کیا اور پنجاب یونیورسٹی سے اکنامکس میں ماسٹر ڈگری حاصل کی۔ فارغ التحصیل ہونے کے بعد وہ کالج میں لیکچرار ہو گئے۔ وہ ایک کتاب A bird view statistic کے مصنف بھی ہیں۔

ادارہ "تحفظ" انہیں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کی اہم ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارک باد پیش کرتا ہے۔

# متاثرین زلزلہ کی بحالی میں اسٹیٹ لائف کا کردار بھی قابل ستائش ہے سردار عتیق احمد خان

## بیمہ دار زلزلہ زدگان کے ورثا کے لیے اسٹیٹ لائف نے پانچ کروڑ روپے سے زائد کے کلیم ادا کر دیئے

راجہ احسان الحق
میڈیا کوآرڈینیٹر، اسلام آباد



وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان ایک خاتون کو ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں،
اس موقع پر جناب اظہر حسین اور سیکٹر ہیڈ جناب مقبول کیانی بھی موجود ہیں

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن نے ان علاقوں میں جہاں 2005ء میں زلزلہ کی تباہ کاریوں سے زندگی اجیرن بن گئی تھی، متاثرین کی بحالی کے لیے قابلِ قدر خدمات انجام دیں۔

اس ضمن میں ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان نے جناب چیئرمین کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اپنی فیلڈ فورس میں ''خدمت میں عظمت ہے'' کا جذبہ بیدار کر کے خصوصی ٹاسک سونپا کہ متاثرہ بیمہ داروں اور ان کے لواحقین سے قریبی رابطہ رکھیں اور ڈیتھ کلیم کی ادائیگی میں کوئی کوتاہی نہ ہونے دیں۔ میرپور زون، راولپنڈی زون اور بالخصوص اسلام آباد زون میں، جس میں مظفر آباد کا علاقہ شامل ہے، زون کے سربراہ اظہر حسین کی خصوصی محنت اور لگن کی بدولت اسٹیٹ لائف نے پانچ کروڑ سے زائد مالیت کے ڈیتھ کلیم ادا کیے۔ اس حوالے سے حکومتِ آزاد کشمیر نے بھی خصوصی دلچسپی لی اور مختلف مواقع پر صدر آزاد کشمیر راجہ سکندر حیات، راجہ ذوالقرنین حیدر اور وزیراعظم سردار عتیق احمد خان نے خود اپنے ہاتھوں سے کروڑوں روپے کے ڈیتھ کلیم چیکس تقسیم کیے۔

اس سلسلے میں بالخصوص سیکٹر ہیڈ مقبول کیانی اور ایریا منیجر حلیمہ اور میڈم ساجدہ نے ہراول دستے کا کردار ادا کیا اور ڈیتھ کلیم کی تقاریب منعقد کر کے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کے کردار اور امیج کو بڑھایا۔ اس سے نہ صرف متاثرہ خاندانوں کو ریلیف ملا بلکہ کاروبار بیمہ کو بھی زبردست فروغ حاصل ہوا۔ ایسی ہی ایک تقریب میں سردار عتیق احمد خان نے چیئرمین اسٹیٹ لائف، ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز، ریجنل چیف نارتھ اور زونل سربراہ کے ساتھ ساتھ اسٹیٹ لائف کے تمام کارکنوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور آزاد کشمیر کی معاشی ترقی میں اسٹیٹ لائف کے کردار کو سراہتے ہوئے عوام کے لیے ''بچت اور تحفظ'' کے پیغام اور اسٹیٹ لائف کی خدمات پر کامل اعتماد کا اظہار کیا۔ اس موقع پر زونل سربراہ اظہر حسین نے وزیراعظم آزاد کشمیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومتِ آزاد کشمیر کی اپنے عوام کے دکھ اور سکھ میں دلچسپی قابلِ تعریف ہے۔



وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان نے مظفر آباد میں اسٹیٹ لائف اسلام آباد زون کے زیر اہتمام تقریب میں ڈیتھ کلیم چیک تقسیم کیے، تصویر میں زونل ہیڈ جناب اظہر حسین، سیکٹر ہیڈ جناب مقبول کیانی اور ایریا منیجر ساجدہ مقصود موجود ہیں

## تیسری سہ ماہی کے اختتام پر اسٹیٹ لائف نے دو ارب 96 کروڑ کا نیا پریمیئم حاصل کر لیا

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن نے رواں مالی سال میں تیسری سہ ماہی کے اختتام پر نئے کاروبار کی مد میں 30.20 فیصد اضافے کے ساتھ دو ارب 95 کروڑ 26 لاکھ 52 ہزار روپے کا کاروبار کیا ہے جو گزشتہ سال کے مقابلے میں ایک ریکارڈ اضافہ ہے۔ گزشتہ سال یعنی اسی مدت کے دوران کارپوریشن نے دو ارب 26 کروڑ 77 لاکھ 12 ہزار روپے کا کاروبار کیا تھا۔ تجدیدی پریمیئم کی مد میں 7 ارب 98 کروڑ 18 لاکھ 49 ہزار روپے جمع کیے گئے جبکہ گزشتہ سال اس پریمیئم کی مد میں 6 ارب 71 لاکھ 75 ہزار روپے حاصل ہوئے تھے۔ اس مد میں بھی 24.54 فیصد ریکارڈ اضافہ ہوا۔

اعداد و شمار کے مطابق ستمبر 2008ء تک دو لاکھ 38 ہزار 500 خاندان بیمۂ زندگی سے مستفید ہوئے اور گزشتہ سال 2007ء کے مقابلے میں 22.71 فیصد اضافہ ہوا۔ واضح رہے کہ گزشتہ سال اسی مدت کے دوران ایک لاکھ 94 ہزار 354 افراد اور ان کے خاندانوں نے بیمۂ زندگی کی پالیسیاں حاصل کیں۔

کمپیوٹر ڈویژن کے جاری کردہ بی پی آر کے مطابق دوسرے سال کی استحکامی شرح 69.16 فیصد رہی جبکہ تجدیدی پریمیئم کی شرح 98.43 فیصد رہی جو کہ بین الاقوامی معیار کے عین مطابق ہے۔

اسٹیٹ لائف کی طرف سے ریجنز و زونز کو دیئے گئے کاروباری اہداف کا 108.15 فیصد حاصل کر لیا گیا ہے جبکہ تجدیدی پریمیئم کوٹا کی مد میں 103.52 فیصد حاصل کر لیا ہے۔ ان اعداد و شمار سے توقع کی جا سکتی ہے کہ آئندہ مہینوں میں کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور کارپوریشن نہ صرف اپنے سالانہ کاروباری اہداف حاصل کرے گی بلکہ ان سے کہیں آگے نکل جائے گی۔

(تحفظ رپورٹ)

# سینٹرل ریجن کی کارکردگی ہمیشہ مثالی رہی ہے، نرگس گھلو

## اسٹیٹ لائف سینٹرل ریجن کے زیراہتمام سیکٹر ہیڈز کانفرنس کے شرکاء سے ایگزیکٹیوڈائریکٹرز کا خطاب

رپورٹ......عبدالحفیظ انجم
نمائندہ سینٹرل ریجن




سینٹرل ریجن کی سیکٹر ہیڈز کانفرنس کے دوران ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو کے ہمراہ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد، ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم اور زونل سربراہان سینٹرل ریجن

اسٹیٹ لائف، سینٹرل ریجن کے سیکٹر ہیڈز کی کانفرنس 2008ء مقامی ہوٹل، لاہور میں منعقد ہوئی جس کی صدارت ایگزیکٹیوڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو نے کی۔

اس موقع پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سینٹرل ریجن کی مارکیٹنگ فورس نے ہمیشہ بیمہٗ زندگی کے میدان میں اعلیٰ کارکردگی کے جوہر دکھائے جس کی وجہ سے سینٹرل ریجن ہمیشہ سے نمبرون رہا ہے اور امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی سابقہ روایات کی پاسبانی کرتے ہوئے اپنے زون اور ریجن کا علم بلند رکھیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے سینٹرل ریجن کی مارکیٹنگ فورس پر فخر ہے اور رہے گا کیونکہ ان کو جب بھی جتنا ٹارگٹ دیا گیا انہوں نے ہمیشہ اس کو ریت کی دیوار ثابت کیا۔ آخر میں تمام نئے ترقی پانے والے سیکٹر ہیڈز کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے انہیں خوش آمدید کہا۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے میٹنگ کے شرکاء سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ محترمہ نے آپ کے ساتھ جو بھی وعدہ کیا وہ پورا کیا اور پروموشن کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کارپوریشن میں سب سے زیادہ پروموشنز سینٹرل ریجن کے ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز کی ہوئی ہیں جو آپ کی اعلیٰ کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

کارپوریشن کے تمام ریجنز اور سینٹرل ریجن کے سیکٹر ہیڈز کا بزنس ریویو پیش کرتے ہوئے سینٹرل ریجن کے ٹاپ 5 سیکٹر ہیڈز کو طلائی ہار پہنا کر انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا اور تمام نئے سیکٹر ہیڈز کو بھی طلائی ہار پہنا کر خوش آمدید کہا۔

بعد ازاں ریجنل چیف سینٹرل چوہدری مدد علی انجم نے تمام مہمانان گرامی کا شکریہ ادا کیا اور آخر میں تمام حاضرین کو پرتکلف کھانا دیا گیا۔



سینٹرل ریجن کے سیکٹر ہیڈز کا کانفرنس کے دوران لیا گیا گروپ فوٹو

# سدرن ریجن کی اہم میٹنگ میں مرحوم محمد احمد امجد کی خدمات کو شرکاء کا خراج عقیدت

## رواں سال میں کارکردگی کا تنقیدی جائزہ بھی لیا گیا

رپورٹ......قاضی جاوید
سیکٹر ہیڈ سدرن زون کراچی



ریجنل چیف ساؤتھ جناب سید علمدار حسین کاظمی اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان شیخ دوران میٹنگ

نئے ریجنل چیف سدرن ریجن سید علمدار حسین کاظمی نے چارج سنبھالنے کے بعد زونز کے سربراہان، سیکٹر ہیڈ اور ایریا منیجر کی ایک مشترکہ میٹنگ کا انعقاد کیا۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان شیخ نے میٹنگ کی صدارت کی، تلاوتِ قرآن مجید کے بعد جناب محمد احمد امجد مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی اور ان کے کیریئر اور ان کے تمام تعمیری اور مثبت اقدامات کی تعریف کی گئی تمام مقررین نے اس المناک سانحہ پر اپنے دلی دکھ ورنج کا اظہار کیا۔ بعدازاں بزنس سیشن شروع ہوا جس میں تمام ایریا منیجرز نے اپنا تعارف کروایا۔ 2007ء کی کارکردگی 2008ء کا سالانہ ٹارگٹ ماہ اگست 2008 تک کا کاروباری جائزہ اور ماہ ستمبر 2008ء کے لیے کاروباری حکمتِ عملی اور اہداف کے تکمیل کی یقین دہانی کروائی۔ اس موقع پر زونل سربراہان کراچی جناب خالد شیخ، جناب حسن رضا اور جناب سلطان مسعود نے آخری سہ ماہی کی آمد آمد اور ماہ ستمبر کی کاروباری اہمیت پر روشنی ڈالی اور سخت محنت اور جدوجہد کی تلقین کی۔ ریجنل چیف سدرن جناب علمدار حسین کاظمی نے کراچی کے سیکٹر ہیڈز ایریا منیجرز اور مارکیٹنگ فورس کے سابقہ ریکارڈ کی تعریف کی اور یاد دلایا کہ کراچی والوں نے جب چاہا شاندار کاروباری ریکارڈز بنائے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ماہ ستمبر خصوصاً آخری سہ ماہی میں تمام کاروباری شعبوں میں صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اہداف مکمل کیے جائیں گے۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان شیخ نے جناب محمد احمد امجد کی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا اور کراچی کے ایریا منیجرز کو کراچی کے شاندار کاروباری ریکارڈز کی یاددہانی کروائی اور توقع ظاہر کی کہ ماہ ستمبر کراچی والوں کا شاندار مہینہ ہوگا انہوں نے یقین دلایا کہ وہ مارکیٹنگ فورس اور ایریا منیجر کے مسائل کے فوری حل اور ان کے تشخص کو اجاگر کرنے کے لیے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔ بعد ازاں تمام شرکاء کو افطار ڈنر پر مدعو کیا گیا۔



زونل ہیڈ کانفرنس میں سید علمدار حسین کاظمی بریفنگ دیتے ہوئے



سیکٹر ہیڈز محوِ سماعت ہیں



زونل ہیڈ سدرن ریجن بریفنگ کے دوران

# اریا منیجرز ایسوسی ایشن راولپنڈی زون کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری

(تحفظ رپورٹ)

راولپنڈی زون کا شمار کارپوریشن میں بڑے زونوں میں ہوتا ہے اور اس زون کی خوش قسمتی رہی ہے کہ ہمیشہ سے یونین اور ایسوسی ایشن میں بڑے نام رہے ہیں مگر تمام لوگ بڑے ہی مثبت اور تعمیری سوچ کے مالک رہے۔

اس دفعہ بھی اریا منیجرز ایسوسی ایشن کے انتخابات ہوئے اور جناب زاہد حسین مرزا کا گروپ واضح اکثریت سے کامیاب ہوا۔ حلف وفاداری کی تقریب گزشتہ دنوں ماہ رمضان المبارک کے دنوں میں فلش مین ہوٹل میں منعقد ہوئی۔

مہمان خصوصی راجہ ظفر علی شان ریجنل چیف نارتھ نے ایسوسی ایشن کے عہدیداروں سے حلف لیا اس موقع پر جاوید اختر ملک اور زاہد حسین مرزا نے اریا منیجرز کی نمائندگی کی جبکہ فیلڈ ایسوسی ایشن کی جانب سے صدر ایسوسی ایشن جناب سعید راجہ اور آفیسرز ایسوسی ایشن اور میڈیا کو آرڈینیٹر راجہ احسان الحق بھی مہمانوں میں شامل تھے۔



ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان منتخب اریا منیجرز سے حلف لے رہے ہیں



راولپنڈی زون......اریا منیجرز ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری سے ریجنل چیف ناردرن راجہ ظفر علی شان، زونل ہیڈ راولپنڈی جناب افتخار احمد، صدر ایسوسی ایشن جناب زاہد حسین مرزا، جنرل سیکریٹری جناب جاوید اختر ملک اور نائب صدر و اسٹیج سیکریٹری چوہدری امجد جاوید خطاب کر رہے ہیں

## سید علمدار حسین کاظمی ریجنل چیف سدرن ہو گئے



پرسونل اینڈ جنرل سروسز ڈویژن کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ڈپٹی جنرل منیجر و زونل ہیڈ لاڑکانہ سید علمدار حسین کاظمی کو جناب محمد احمد امجد کی المناک موت کے بعد سدرن ریجن کے ریجنل چیف کی حیثیت سے ذمہ داریاں دی گئی ہیں۔

سید علمدار حسین کاظمی ایک تجربہ کار آفیسر ہیں۔ جنہیں مارکیٹنگ کے شعبے میں وسیع تجربہ حاصل ہے۔ حیدرآباد زون میں ان کی بے پایاں خدمات ہیں۔ انہوں نے حیدرآباد زون کی کارکردگی کا گراف ہمیشہ بلند رکھا۔

مارکیٹنگ فورس کو چاہیے کہ وہ ان کے تجربات اور صلاحیتوں سے بھرپور فائدہ اٹھائے۔ ہمیں امید واثق ہے کہ ان کی سربراہی میں سدرن ریجن کاروباری لحاظ سے نہ صرف ترقی کرے گا بلکہ کارپوریشن میں اپنا مقام بلند رکھے گا۔

''تحفظ'' سید علمدار حسین کاظمی کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارک باد پیش کرتا ہے۔

## تعزیت

- پرنسپل آفس، کمپیوٹر ڈویژن کے سربراہ جناب سلیم خالق کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں راولپنڈی میں انتقال کر گئیں۔
- پرنسپل آفس، میڈیکل ڈپارٹمنٹ کی ڈپٹی جنرل منیجر ڈاکٹر غزالہ نفیس کے والد محترم اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔
- ناردرن ریجن پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی جناب شفیق مغل کے والد محترم تقدیر الٰہی سے عید الفطر کے روز وفات پا گئے۔
- پرنسپل آفس ایکچوریل ڈویژن کے قائم مقام اے جی ایم جناب فیصل احمد کی والدہ محترمہ رحلت فرما گئیں۔
- سدرن ریجن، ریجنل اکاؤنٹنٹ سید محمود حسین کے چھوٹے بھائی گزشتہ دنوں اس جہان فانی سے کوچ کر گئے۔
- پرنسپل آفس، اسسٹنٹ منیجر (جی ایس) جناب راشد صدیقی اور آفس اسسٹنٹ آر ای ڈی جناب صابر صدیقی کی والدہ داعی اجل کو لبیک کہہ گئیں۔
- پرنسپل آفس سینئر آفس اسسٹنٹ مارکیٹنگ جناب سہیل اقبال کی اہلیہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئیں۔
- پرنسپل آفس بی اینڈ اے کے آفس اسسٹنٹ جناب مسعود احمد اور ریکارڈ سارٹر پرسنل جناب منصور احمد کی والدہ محترمہ گزشتہ دنوں داغ مفارقت دے گئیں۔
- پرنسپل آفس آر ای ڈی کے نائب قاصد جناب ندیم احمد اور سابق قاصد جناب منشی خان کی اہلیہ انتقال کر گئیں۔

ادارہ تحفظ تمام مرحومین کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)۔

ملتان ریجن

# ایمانداری اور جہد مسلسل منزل مراد کی نوید ہوتی ہے

## کامیاب ترین ایریا منیجرز کی مشترکہ میٹنگ میں ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری کی گفتگو

زیڈ کامران شمسی
اے جی ایم مارکیٹنگ، ملتان ریجن



ریجنل چیف ملتان جناب مقصود احمد چوہدری اعلیٰ کارکردگی پر ایریا منیجر ملتان زون سید رضا عباس زیدی کو تحفہ دے رہے ہیں، جناب طاہر احمد خان اور جناب عبدالعلیم چوہدری بھی اس موقع پر موجود ہیں

ساہیوال زون میں ملتان ریجن اور فیصل آباد زون کے کامیاب ترین ایریا منیجرز کی مشترکہ میٹنگ گزشتہ دنوں ساہیوال کے مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر ساہیوال زون کے سربراہ جناب عبدالعلیم چوہدری اپنے کامیاب ایریا منیجرز ڈاکٹر محمد اشرف، ایم اقبال طارق، نصیر احمد رضا، اشتیاق قاسم، احسان نقوی، ریاض احمد، جمیل اختر، الطاف حسین اور انوار الحق کے ہمراہ موجود تھے۔

سالار کارواں میں ریجنل چیف ملتان ریجن جناب مقصود احمد چوہدری اور ملتان زون کے سربراہ جناب طاہر احمد خان اور ملتان زون کے ایریا منیجرز عبدالرحمٰن صدیقی، عاشق علی طور، سردار اشرف ڈوگر، اے آر لغاری، ایم طفیل ڈوگر، سلیم انجم، ڈاکٹر محمد امین، ارشد سجاد، منظور حسین، مستقیم ناصر، حسنین منظور اور سید رضا عباس زیدی تھے۔

میٹنگ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ زونل قائدین نے تمام شرکاء کو خوش آمدید کہا اور وقت کی اہمیت، کام کی رفتار، بہترین منصوبہ بندی، جونیئرز کے ساتھ بھائی چارے کی فضا اور رہنمائی، بہترین مقابلہ جات کا انعقاد جیسے موضوعات پر گفتگو کی۔

ریجنل چیف ملتان جناب مقصود احمد چوہدری نے دورانِ خطاب کامیابیوں کے حوالے سے روشنی ڈالتے ہوئے کہا کامیابیاں آپ کی منتظر ہیں بشرطیکہ اس کے لیے جہدِ مسلسل، لگن، ایمانداری ہو اور سینئرز کی طرف سے متعین کی گئی راہیں آپ کو نہ صرف منزل مقصود پر پہنچاسکتی ہیں بلکہ منزل مراد کی نوید دیں گی۔

جناب مقصود احمد چوہدری نے ملتان ریجن کے ایریا منیجرز اور فیصل آباد کے شرکا کو خوش آمدید کہا اور ان کے مابین ''مشترکہ انعامی مقابلہ'' کا اعلان کیا گیا۔ تمام زونوں کے درمیان تین گروپس بنائے گئے ۔ ان انعامات کی کل مالیت -/2,05,000 روپے ہے جس کی مدت مقابلہ ماہ اگست اور ستمبر ہیں۔ یقیناً مقابلہ جات کے اچھے نتائج سامنے آئیں گے اس میٹنگز سے پہلی دفعہ موقع ملا کہ ایریا منیجرز کا آپس میں تبادلہ خیال ہوسکے اور کامیابی کے گر ایک دوسرے سے سیکھ سکیں۔

زونل سربراہ فیصل آباد زون جناب سلطان اے شیخ نے کہا کہ کامیاب لوگوں سے ملنے سے کامیابی کی راہیں مزید کھل جاتی ہیں۔ عطر کی دکان سے عطر لیں یا نہ لیں مگر انسان خوشبو ضرور لے کر آتا ہے۔

بہاولپور زون کی قیادت زونل سربراہ چوہدری اختر حسین کررہے تھے ان کے ہمراہ ایریا منیجرز صداقت اے بخاری، محبوب اکبر، محمد یسین اور ساجد اختر تھے۔ رحیم یار خان کے قائد رب نواز شکرانی کے ہمراہ انتہائی محنتی اور انتھک ایریا منیجرز عبدالکریم عابد، جاوید اقبال، بشیر احمد شاہین اور محمد یوسف موجود تھے جبکہ ڈیرہ غازی خان کے سربراہ چوہدری ایم رمضان شاہد کی قیادت میں ایریا منیجرز نصر من اللہ خان، سعید احمد جروار، بشیر احمد کھرل، چوہدری محمد بوٹا، میاں ایم عثمان، ملک محمد انور، ایم ایم طاہر اور جام غلام علی شامل تھے۔

فیصل آباد زون کے سربراہ جناب سلطان اے شیخ کی قیادت میں کامیابیوں کے حوالے سے مشعل راہ ایریا منیجر مقبول احمد راٹھ، کرم الٰہی، محمد فاروق، محبت خان، رانا محمد اسلم، محمود جعفر، اصغر علی علوی، محمد انور، عبدالخالق وحید اور اصغر علی صدیقی کا ساہیوال پہنچنے پر زونل سربراہ ساہیوال زون اور ان کے ایریا منیجرز نے پرجوش استقبال کیا۔



ملتان ریجن اور فیصل آباد زون کے ٹاپ ایریا منیجرز کے مشترکہ اجلاس سے ریجنل چیف ملتان جناب مقصود احمد چوہدری، زونل ہیڈز جناب سلطان اے شیخ، جناب طاہر احمد خان، چوہدری اختر حسین، جناب آر این شکرانی، جناب عبدالعلیم چوہدری اور جناب ایم رمضان شاہد خطاب کررہے ہیں

# پشاورزون میں کارکنوں کے لیے تربیتی سیمینار کا انعقاد

رپورٹ......ذاکرخاں آفریدی
پشاورزون

گزشتہ دنوں پشاور زون میں فیلڈ کارکنان کی تربیت کے سلسلے میں ایف ایم ڈی ڈپارٹمنٹ کے زیراہتمام فیلڈ آفس مینجمنٹ کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ اس سلسلے میں نارتھ ریجن کی ٹریننگ اکیڈمی کے پرنسپل جناب محمد شفیق مغل کی کوششوں سے اس سیمینار کا انعقاد ممکن ہوا۔ پشاورزون کے سیکٹر ہیڈ، ایریا مینیجرز اور سینئر سیلز آرگنائزرز نے سیمینار میں شرکت کی جبکہ انچارج ایف ایم ڈی جناب ذاکر خان آفریدی نے رابطہ کار کی حیثیت سے خدمات دیں۔

اس موقع پر جناب محمد شفیق مغل پرنسپل اکیڈمی نے دفتری امور چلانے کے لیے شرکا کو ملٹی میڈیا کے ذریعے مفید معلومات فراہم کیں۔ اس ضمن میں انہوں نے کہا کہ بیمہ داران کی خدمات اور نئے نمائندوں کی بھرتی کے لیے اپنے دفاتر کا بہترین ماحول بنانا ہوگا۔ دفتر میں نہ صرف سیکٹر ہیڈ اور ایریا مینیجر بلکہ ان کے دفاتر کا ہر ایک اسٹاف ممبر خصوصی طور پر تربیت یافتہ، ایماندار، اچھی شخصیت کا حامل ہو۔ کام اور بات کرنے کا ڈھنگ آتا ہو، مثبت کردار کا مالک ہو۔

آخر میں پشاورزون کی مینجمنٹ نے پرنسپل جناب شفیق مغل کا شکریہ ادا کیا اورزونل ہیڈ چوہدری محمد اعجاز نے ریجن کی کوششوں کو سراہا۔



پرنسپل ریجنل اکیڈمی جناب شفیق مغل تربیتی سیمینار میں اظہارخیال کررہے ہیں،
اس موقع پرزونل ہیڈ جناب اعجاز احمد چوہدری ودیگر موجود ہیں

## انتقال پُر ملال

اسٹیٹ لائف کے سابق چیئرمین جناب عبدالمعید صدیقی گزشتہ دنوں داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔



جناب عبدالمعید صدیقی انتہائی نفیس، شفیق، مہربان اور ہمدرد انسان تھے۔ ان کی گفتگو اور لہجے میں مٹھاس ہوتی تھی اور اپنائیت کا احساس ہوتا تھا۔ ان کے دور میں اسٹیٹ لائف ترقی کی جانب گامزن رہی۔ انہوں نے بیمہ زندگی کے پیغام کو ہر خاص و عام تک پہنچانے کے لیے جس انداز میں رہنمائی کی ہے وہ ایک روشن اور تابناک باب ہے۔ وہ صرف ایک دوست اور غم خوار ساتھی ہی نہ تھے بلکہ سچے محسن تھے۔ ''تحفظ'' کے باقاعدہ قاری تھے، ملنے پر ٹیلی فون کے ذریعے شکریہ ادا کرتے تھے اور اے اینڈ ایس پی کی کاوشوں کو سراہتے تھے۔ ان کی ریٹائرمنٹ کو بیس برس گزر گئے تاہم ان کی یاد ہمارے دلوں میں محفوظ ہے۔

انہوں نے گورنمنٹ کے مختلف محکموں میں مختلف حیثیتوں میں کام کیا۔ آخر میں اسٹیٹ لائف کے چیئرمین بنے اور یہیں سے ریٹائرمنٹ لی بعد ازاں انہیں دوبارہ پاکستان بیت المال کا چیئرمین بنادیا گیا۔ مرحوم بڑی سادہ زندگی گزارنے کے قائل تھے۔ ان کی زندگی ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔

اللہ تعالیٰ ان کی خدمات کو شرف مقبولیت بخشے۔ ان کی بشری لغزشوں سے صرف نظر فرمائے۔ جنت کے اعلیٰ ترین مقام پر انہیں جگہ دے اور لواحقین و پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

دریں اثناء ریجنل چیف سدرن جناب محمد احمد امجد گزشتہ دنوں کراچی میں اس جہان فانی سے رخصت ہوگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔



جناب محمد احمد امجد اپنے دفتر بلڈنگ نمبر2 میں حسب معمول کام میں مصروف تھے کہ اچانک قاتلانہ حملہ کا شکار ہوکر شدید زخمی ہوگئے۔ انہیں فوری طور پر اسپتال لے جایا گیا تاہم چند روز زیست وموت کی کشمکش میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے اس دنیا سے چل بسے۔ ان کا جسد خاکی تدفین کے لیے آبائی شہر ساہیوال لے جایا گیا۔

اس ضمن میں پرنسپل آفس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی ہوئی جس میں چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی، ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز، اعلیٰ انتظامیہ کے علاوہ اسٹاف افسران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ شرکا کی موجودگی میں قرارداد تعزیت پیش کی گئی جس میں لواحقین کے ساتھ گہری ہمدردی کا اظہار کیا گیا انہوں نے پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ دو بیٹیاں اور بیٹا سوگوار چھوڑے ہیں۔

لاہور زون میں چیف میڈیکل ایڈوائزر ڈاکٹر وسیم احمد بھی گزشتہ دنوں حرکت قلب بند ہونے سے اس دار فانی سے رخصت ہوگئے۔

ڈاکٹر وسیم احمد کا شمار زون کے انتہائی قابل، تجربہ کار، کہنہ مشق اور شریف النفس طبی مشیران میں سے ہوتا تھا۔ انہوں نے اسٹیٹ لائف میں 28 سال بطور چیف میڈیکل ایڈوائزر خدمات سرانجام دیں۔ ان کے انتقال پر اسٹیٹ لائف کے ہر افسر اور کارکن نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

ادارہ ''تحفظ'' تینوں شخصیات کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

(تحفظ رپورٹ)